## حصہ ''الف'' (کثیرانتخابی سوالات)

سوال ا۔ مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(۱) توصیف کی زندگی کا کتنا عرصہ بے فکری میں گزرا؟
2 سال — 3 سال — 5 سال — 4 سال

(۲) سومناتھ کے مندر سے گنگا کتنے فاصلے پر ہے؟
3 کوس — 5 کوس — 6 کوس — 7 کوس

(۳) دبیر الملک مرزا غالب کا ________ تھا۔
تخلص — لقب — عرفیت — خطاب

(۴) محمود غزنوی کے والد کا نام کیا تھا؟
التمش — ظہیر الدین بابر — سبکتگین — بہادر شاہ ظفر

(۵) کانگریس کی بنیاد کس سن میں رکھی گئی؟
1906 — 1923 — 1890 — 1885

(۶) سرسید نے ہمیشہ کن لوگوں کی مدد کی؟
دوستوں کی — عزیزوں کی بھائیوں کی — مستحقوں کی

(۷) حلاوہ کون تھی؟
قاضی کی بیوی — زبیر کی چچی — آیا — پڑوسن

(۸) نصاب میں شامل شاہ عبداللطیف بھٹائی کی نظم کا نام بتایئے۔
نعت — غزل — وائی — حمد

(۹) صحرا نے کس چیز کی دعا مانگی؟
روشنی کی — دھوپ کی — بارش کی — اندھیرے کی

(۱۰) توصیف کے شوہر کا نام کیا تھا۔
داؤد — موسیٰ — عیسیٰ — یوسف

(۱۱) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں کتنے برس گزارے۔
7 برس — 9 برس — 10 برس — 12 برس

(۱۲) شے شے کا چینی زبان میں مطلب کیا ہے؟
کیسے ہو — کہاں ہو — شکریہ — کیا کر رہے ہو

(۱۳) خدمت خلق سے کیا ملتا ہے؟
پریشانی — دولت — محبت — نفرت

(۱۴) مصرعہ مکمل کیجیے۔ لائے نہ کیوں نہ نغمہ ملائک کو ________
جوش میں — ہوش میں — وجد میں — غرور میں

(۱۵) سرسید احمد خان کس سن میں اس دنیائے فانی سے رخصت ہوئے؟
1890 — 1898 — 1879 — 1843

## حصہ ''ب'' (مختصر جواب کے سوالات)

مارکس 60 — وقت 2:45 گھنٹے

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں صرف 9 کے جواب لکھیں۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ شاہ ولی کی تحریک کا کیا مقصد تھا؟

سوال ۳۔ چین میں اردو زبان کی مقبولیت کا اندازہ کن باتوں سے لگایا جاسکتا ہے؟

سوال ۴۔ ہبار بن الاسود کون تھا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

سوال ۵۔ جملوں میں استعمال کریں۔
حاصل — علم و آگہی — رائج — گزربسر

سوال ۶۔ اسلام سے پہلے عربوں کا کیا حال تھا؟

سوال ۷۔ بیٹے نے خان صاحب پر ڈگری کیوں جاری کرائی؟

سوال ۸۔ فاعل اور اسم مفعول بنایئے۔ حمد — علم — قتل — شکر

سوال ۹۔ توصیف نے اپنے سسرال والوں کا دل کس طرح جیتا؟

سوال ۱۰۔ سرسید احمد خان نے اسلام کی کیا بے نظیر خدمت کی؟

سوال ۱۱۔ قافلے میں شاہی خاندان کے کون کون سے لوگ شامل تھے؟

سوال ۱۲۔ محمود غزنوی نے تاراگڑھ قلعہ پر حملہ کیوں نہیں کیا؟

سوال ۱۳۔ ذیل کے الفاظ کے واحد اور جمع لکھیے۔ انواع — وہم — ناصر — القاب

## حصہ ''ج'' (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف 3 کے جواب وضاحت سے لکھیں۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح بحوالہ متن لکھیں۔
''خدا کے لئے کیا غضب کرتے ہو یہی تمہارا غصہ ہے تو پہلے مجھے اور بچوں پر ہاتھ صاف کرو۔

سوال ۱۵۔ ذیل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔
ا۔ [illegible] ہے۔ — ہر ایک آدمی اس کے در کا گدا ہے
۲۔ منفعت ایک ہے اس قوم کی نقصان بھی ایک — ایک ہی سب کا نبی، دین بھی ایمان بھی ایک

سوال ۱۶۔ سبق ''سندھ میں علم و فضل'' یا ''توصیف کا خواب'' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال ۱۷۔ ''حرکت میں برکت ہے'' پر ایک مضمون لکھیے۔

سوال ۱۸۔ نظم ''برسات'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

یا

اپنے چھوٹے بھائی کو خط لکھیے اور اس میں بتایئے کہ اسے امتحان کی تیاری کس طرح کرنی چاہیے۔

www.ilmkidunya.com